انا للہ و انا الیہ راجعون

قاری عبدالرشید اور عبدالمجید، عبدالواحد اور عبدالحمید کو صدمہ

قاری عبدالرشید صاحب (مدرس جامعہ) کے سسر اور عبدالمجید، عبدالواحد کے والد محترم فیروزدین صاحب طویل علالت کے بعد اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ مرحوم بڑے نیک متقی اور پرہیزگار انسان تھے۔ مرحوم میں بڑی خوبیاں تھیں

محمد سعید اور اقبال، سیف، اور انوار ادریس کو صدمہ

محمد سعید بن مہدی خان (الیکٹریشن) کے برادر محمد صدیق صاحب کافی عرصہ بیمار رہنے کے بعد اس دنیائے فانی سے رخصت ہوگئے۔ مرحوم جب تک تندرست رہے مستقل باجماعت نمازیں ادا کرتے تھے۔ اللہ ان کو غریق رحمت کرے۔

مذکورہ بالا دونوں بزرگ مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث کے مستقل نمازیوں میں سے تھے۔ انتہائی متقی اور پرہیزگار تھے۔ انکی نماز جنازہ رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے پڑھائی۔

شیخ محمد جاوید صاحب کو صدمہ

شیخ محمد جاوید صاحب کے چچا شیخ عبدالرؤف صاحب برطانیہ میں انتقال کر گئے۔ انکی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث میں بعد از نماز جمعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے پڑھائی۔

حبیب الرحمان صاحب (حبیب پراپرٹی ڈیلر) کو صدمہ

حبیب الرحمان صاحب کے والد محترم عبدالرحمان کابلی صاحب عرصہ دراز سے صاحب فراش تھے۔ بیماری کے باوجود مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں باقاعدگی سے نماز جمعہ کے لئے حاضر ہوا کرتے تھے۔ انہوں نے وصیت کی تھی کہ انکی نماز جنازہ علامہ محمد مدنی صاحب یا ان کے بھائی پڑھائیں۔ مدنی صاحب کے دورہ برطانیہ کی وجہ سے انکی نماز جنازہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

شیخ عبدالرشید صاحب اور عبدالمجید شاھد کو صدمہ

مقامی جماعت کے بزرگ اراکین میں سے شیخ عبدالرشید سیٹھی کے داماد اور عبدالمجید شاہد المعروف شدی کے بہنوئی محمد اشرف صاحب گذشتہ دنوں وفات پاگئے۔ مرحوم بڑی خوبیوں کے مالک، نیک انسان تھے۔ انکی نماز جنازہ بھی حافظ عبدالحمید نے پڑھائی۔

راجہ انار گل ایڈووکیٹ کو صدمہ

راجہ انار گل کے حقیقی بھائی راجہ محمد سردار خان ایڈووکیٹ جو کہ کراچی میں سرکاری وکیل تھے دہشت گردی کی نذر ہوگئے۔ انکی میت جہلم لائی گئی اور رات کو اسلامیہ ہائی سکول کی گراؤنڈ میں ان کی نماز جنازہ علامہ مدنی صاحب نے پڑھائی۔

ادارہ "حرمین" مندرجہ بالا تمام مرحومین کے ورثاء کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالی تمام مرحومین کے گناہوں کو معاف فرمائے اور اعلی علیین میں مقام عطا فرمائے۔ آمین

اللھم اغفرلھم وارحمھم و ادخلھم فسیح جناتہ